## صدر پرویز مشرف اور جنرل اشفاق کیانی کو الطاف حسین کی مبارکباد

## صدر مملکت نے قوم سے یونیفارم اتارنے اور ملک کو سویلین حکمرانی کی طرف لے جانے کا وعدہ پورا کر دیا، الطاف حسین

## وقت اور حالات کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں محاذ آرائی کا راستہ اختیار کرنے کے بجائے افہام و تفہیم کا طرز عمل اختیار کریں

لندن۔۔۔29، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف کو بطور سویلین صدر حلف اٹھانے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے صدر کی جانب سے ایمرجنسی اٹھانے کے فیصلہ کا بھی خیر مقدم کیا اور کہا کہ صدر مملکت نے قوم سے یونیفارم اتارنے اور ملک کو سویلین حکمرانی کی طرف لے جانے کا جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کیا ہے جو نہ صرف خوش آئند اور جرات مندانہ قدم ہے بلکہ ملک و قوم کی فلاح و بہبود اور ملکی استحکام کی طرف لے جانے والا قدم ہے۔ جناب الطاف حسین نے جنرل اشفاق کیانی کو چیف آف آرمی اسٹاف کا عہدہ سنبھالنے پر بھی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ وقت اور حالات کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں محاذ آرائی کا راستہ اختیار کرنے کے بجائے افہام و تفہیم کا طرز عمل اختیار کریں تاکہ پاکستان نہ صرف مضبوط اور مستحکم ہو سکے بلکہ موجودہ خطرات سے بھی باہر آ سکے۔

## الطاف حسین کی خالہ زاد بہن کی صاحبزادی صبیحہ بیگم انتقال کر گئیں

## مرحومہ کو ایئرپورٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی۔۔۔29، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن محترمہ اُم الجہاں بیگم کی صاحبزادی محترمہ صبیحہ بیگم گزشتہ روز انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی عمر 48 سال برس تھی اور انہوں نے پسماندگان میں 3 صاحبزادیاں اور چار صاحبزادے شامل ہیں۔ دریں اثناء مرحومہ کو ایئرپورٹ کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں سابق وفاقی وزیر شمیم صدیقی، ملیر ٹاؤن کے حق پرست قائم مقام ٹاؤن ناظم شرافت حسین، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

## الطاف حسین کی خالہ زاد بہن کی صاحبزادی محترمہ صبیحہ بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن محترمہ اُم الجہاں بیگم کی صاحبزادی محترمہ صبیحہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم گولارچی یونٹ کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم گولارچی یونٹ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر محمد سماعیل کی اہلیہ تاج بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کررہی ہے، ڈاکٹر فاروق ستار
## ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنس کمیٹی کے تحت ڈیفنس فیز 6 میں اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔29،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست سے نجات کیلئے ضروری ہے کہ ڈیفنس، کلفٹن اور دیگر پوش علاقوں کے عوام بھی آئندہ عام انتخابات میں اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال لازمی کریں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی کے تحت ڈیفنس فیز 6 میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجتماع میں ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی کی اراکین محترمہ فوزیہ اعجاز، محترمہ کشور زہرہ، محترمہ ناہید فاطمہ، محترمہ معصومہ زیدی، خواجہ سہیل، شاہد ملک، ارشد صدیقی، سید کمال، ڈاکٹر سید ناصر ذوالفقار، ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے ذمہ داران، کارکنان اور علاقے کے عوام بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کی ضمانت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن جمہوری طریقے سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے ڈیفنس، کلفٹن اور دیگر پوش علاقوں کے عوام بھی آئندہ عام انتخابات میں اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں اور اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال لازمی کریں۔ قبل ازیں اخلاق عابدی، اختر بلگرامی اور عسکری تقوی نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے عوام کے مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور متحدہ قومی موومنٹ کی کوششوں سے کراچی یونیورسٹی میں ایک انسٹیٹیوٹ بنادیا گیا ہے جہاں سی ایس ایس کے امتحانات کی تیاری کرائی جائے گی۔ انہوں نے ڈیفنس کلفٹن کے مکینوں سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## جماعت اسلامی کے پانچ دہشت گردوں کی اسلحہ سمیت گرفتاری سے جماعت اسلامی کا چہرہ بے نقاب ہوچکا ہے، سابق ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔29،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سابق حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ مونوٹیکنک کالج گلستان جوہر میں جماعت اسلامی کی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلباء کی دہشت گردی اور لیکچرار حسن حیدر کے قتل میں ملوث جماعت اسلامی کے پانچ دہشت گردوں کی اسلحہ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتاری سے جماعت اسلامی کا مکروہ چہرہ ایک مرتبہ پھر بے نقاب ہوچکا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اور اس کی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلباء کے دہشت گردوں نے ملک بھر کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرکے طلباء کا مستقبل تاریک کیا ہے اور بے گناہ طلباء کے خون سے اپنے ہاتھ رنگے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلباء کے دہشت گرد، پنجاب یونیورسٹی میں دہشت گردی اور غنڈہ گردی کے بعد اب کراچی اور سندھ کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کی سازش کررہے ہیں اور مونوٹیکنک کالج کے لیکچرار کا قتل جماعت اسلامی کے سازشی منصوبہ کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مونوٹیکنک کالج کے لیکچرار کے قتل میں ملوث جماعت اسلامی کے پانچ دہشت گردوں کی اسلحہ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتاری سے جماعت اسلامی کے گھناؤنے عزائم اور مکروہ چہرہ ملک بھر کے عوام کے سامنے بے نقاب ہوچکا ہے۔ سابق حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر پرویز مشرف، نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوٹہ سے مطالبہ کیا کہ اسلامی جمعیت طلباء کے دہشت گردوں کے ہاتھوں مونوٹیکنک کالج کے لیکچرار حسن حیدر کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور قتل میں ملوث دہشت گردوں کو قانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے۔

## ایم کیوایم بلوچستان کے ارکان نے ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے بھوک ہڑتالی کیمپ کا دورہ کیا

کوئٹہ۔۔۔29،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کنٹیکٹ کمیٹی کے رکن عابد زیدی نے کوئٹہ پریس کلب میں ڈاکٹرز ایسوسی ایشن ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے بھوک ہڑتالی کیمپ کا دورہ کیا اور بھوک ہڑتالی ڈاکٹروں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے انچارج محمد یوسف شاہوانی، جوائنٹ انچارج کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی اور کمیٹی کے دیگر ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے بھوک ہڑتالی ڈاکٹروں سے ان کے مسائل معلوم کئے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھوک ہڑتالی ڈاکٹروں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بھوک ہڑتالی ڈاکٹروں نے ایم کیوایم کی جانب سے اظہار یکجہتی پر جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## کوئٹہ کی معروف شخصیات محترمہ رخسانہ گل کاکڑ اور ارباب عبدالشکور کاسی نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کر دیا

کوئٹہ۔۔۔29،نومبر 2007ء

بلوچستان کی معروف سماجی شخصیت ،معروف ٹی وی اداکارہ اور زرغون ٹاؤن کوئٹہ کی سابق نائب ناظمہ محترمہ رخسانہ گل کاکڑ اور معروف سماجی کارکن ارباب عبدالشکور کاسی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے انچارج محمد یوسف شاہوانی ، جوائنٹ انچارجز کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی، محمد اسمٰعیل لہڑی، اراکین ندیم احمد شیخ، انتظار حسین، سید سلیم اختر، نعیم احمد خان، ملک عبدالرحمان، عبدالغنی کاسی، جنت گل کاکڑ، جاوید سمالانی اور محمد کامران راجپوت بھی موجود تھے۔محترمہ رخسانہ گل کاکڑ اور ارباب عبدالشکور کاسی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ میں مقبول ہورہا ہے اور ایم کیوایم نے اپنے عمل وکردار سے ثابت کیا ہے کہ وہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے وہ بھی اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور جناب الطاف حسین کا پیغام پھیلانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں استعمال کریں گے۔

☆☆☆☆☆